**قائد تحریک الطاف حسین کل ایم کیو ایم کے 26ویں یوم تاسیس کے موقع پر اہم اور تاریخی خطاب کرینگے**

**الطاف حسین اپنے خطاب میں اہم انکشافات کریں گے**

**الطاف حسین کا خطاب سندھ، پنجاب، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے 30 شہروں میں بیک وقت ہوگا**

**ایم کیو ایم کا 26واں یوم تاسیس کل پاکستان سمیت دنیا کے مختلف مما لک میں منایا جائے گا**

**یوم تاسیس پر کارکنوں کے اجتماعات منعقد ہونگے ،مرکزی اجتماع کراچی میں شام 6 بجے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا**

**یوم تاسیس پر جیلوں میں اسیر کارکنوں اور اسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کو پھل اور پھول پیش کئے جائیں گے،**

**پرندے آزاد کیے جائینگے ،شہداء کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی جائیگی، تنظیمی ترانوں کی سی ڈیز کا اجراء بھی کیا جائے گا**

کراچی۔۔۔17 مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کل ایم کیو ایم کے 26ویں یوم تاسیس کے موقع پر اہم اور تاریخی خطاب کریں گے۔اپنے اس خطاب میں جناب الطاف حسین اہم انکشافات کریں گے۔ایم کیو ایم کا 26واں یوم تاسیس کل بروز جمعرات پاکستان سمیت دنیا کے مختلف مما لک میں منایا جائے گا۔اس موقع پر پاکستان میں 30 شہروں میں اجتماعات منعقد کیے جائیں گے جن میں کراچی سمیت صوبہ سندھ کے 20، پنجاب کے چار، بلوچستان کے ایک، گلگت بلتستان کے دو اور آزاد کشمیر کے دو شہروں میں کارکنوں کے اجتماعات ہوں گے۔مرکزی اجتماع کراچی میں شام 6 بجے عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ہوگا۔جناب الطاف حسین سندھ، پنجاب، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے 30 شہروں میں منعقد ہونے والے ان اجتماعات سے بیک وقت خطاب کریں گے۔ایم کیو ایم کے یوم تاسیس پر جناب الطاف حسین کی جانب سے جیلوں میں اسیر کارکنوں اور اسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کو پھل اور پھول پیش کئے جائیں گے، پرندے آزاد کیے جائینگے اور شہداء کی قبروں پر جاکر فاتحہ خوانی کی جائے گی۔اس موقع پر تنظیمی ترانوں پر مشتمل مختلف سی ڈیز کا اجراء بھی کیا جائے گا۔ایم کیو ایم کی جانب سے یوم تاسیس منانے کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور جناب الطاف حسین کے اہم خطاب کے حوالے سے تحریک کے ذمہ داران وکارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جاتا ہے۔یوم تاسیس کے سلسلے میں شہر میں ایم کیو ایم کے پرچم لگائے جارہے ہیں جبکہ لال قلعہ گراؤنڈ کے اطراف کی شاہراہوں اور راستوں کو برقی قمقموں، قائد تحریک الطاف حسین تصاویر اور تہنیتی بینرز سے سجایا گیا ہے۔

**متحدہ قومی موومنٹ کے 26ویں یوم تاسیس کی تمام تیاریاں مکمل**

**رابطہ کمیٹی کے ارکان کا لال قلعہ گراؤنڈ کا دورہ، جلسہ گاہ کی تیاریوں کا جائزہ لیا**

**نائن زیرو، ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم میموریل ہال، لال قلعہ گراؤنڈ اور مکا چوک سمیت اطراف کی گلیوں**

**،عمارتوں، اہم چوراہوں کو برقی قمقموں اور ایم کیو ایم کے پرچموں سے سجادیا گیا، کارکنان وہمدردوں میں زبردست جوش وخروش**

کراچی۔۔۔17، مارچ2010ء

متحدہ قومی وموومنٹ کا 26واں یوم تاسیس بروز جمعرات 18 مارچ کو انتہائی جوش وخروش سے منایا جائے گا اس سلسلے میں کراچی سمیت ملک بھر میں اجتماعات منعقد کیے جائینگے جن سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلیفون پر اہم اور تاریخی خطاب کریں گے۔یوم تاسیس کے سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں تمام تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، وسیم آفتاب، اشفاق منگی، سلیم تاجک، شاکر علی اور واسع جلیل نے لال قلعہ گراؤنڈ کا دورہ کر کے جلسہ گاہ کا جائزہ لیا۔اس سلسلے میں ایم کیو ایم کی جانب سے مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں۔علاوہ ازیں ایم کیو ایم کے 26ویں یوم تاسیس کی تقریبات کے سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو عزیز آباد، ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم میموریل ہال، جناح گراؤنڈ، لال قلعہ گراؤنڈ اور مکا چوک سمیت اطراف کی تمام گلیوں، عمارتوں، اہم چوراہوں اور

شاہراہوں کوایم کیوایم کے پرچموں اور برقی قمقموں سے خوبصورتی سے سجایا گیا ہے۔مزید برآں ایم کیوایم کے مختلف سیکٹرز، یونٹس اور ونگز کی جانب سے بھی مختلف علاقوں میں جناب الطاف حسین کی تصاویر، پرچم اور خیر مقدمی بینرز آویزاں کردیئے گئے ہیں۔جس کے باعث ایم کیوایم کے ذمہ داروں، کارکنان اور عوام ہمدردوں میں زبردست جوش خروش پایا جارہا ہے۔

## حق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری ایڈوکیٹ کا کراچی پریس کلب کے باہر پاکستان اسٹیل مل کے برطرف ملازمین کے احتجاجی کیمپ کا دورہ
## الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم ملازمین کی بحالی کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائے گی، شعیب بخاری

کراچی۔۔17/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے بدھ کے روز کراچی پریس کلب پر پاکستان اسٹیل مل سے برطرف کئے گئے ملازمین کے احتجاجی کیمپ کا دورہ کیا اور یقین دلایا کہ قائد تحریک کی ہدایت پر حق پرست ارکان اسمبلی اس سلسلے میں صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کے انہیں دوبارہ ملازمتوں پر بحال کرانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم ایڈوکیٹ بھی موجود تھے۔برطرف کیے گئے ملازمین نے رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری کو بتایا کہ پاکستان اسٹیل مل کی انتظامیہ نے زیادتی کا نشانہ بناتے ہوئے انہیں طبی طور پر نااہل کرجبری برطرف کردیا گیا ہے جو سراسر ظلم وناانصافی ہے۔مظاہرین نے بتایا کہ 1995ء سے اب تک تقریباً1500 ملازمین کو جبری برطرف کیا جاچکا ہے جس کی وجہ پاکستان اسٹیل مل انتظامیہ نے ادارے میں خسارے کا بہانہ بنا کر اب تک ہزاروں مزدوروں کو فاقہ کشی کرنے پر مجبور کردیا ہے۔احتجاجی مظاہرے میں شریک ملازمین نے اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور مصیبت کی اس گھڑی میں جناب الطاف حسین نے ہماری دادرسی کیلئے آپ کو یہاں بھیج کر ہمارے دکھ کو اپنا دکھ سمجھا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اسٹیل ملز سے برطرف کیے گئے ملازمین کی بحالی کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائے گی۔علاوہ ازیں ایم کیوا یم کے وفد نے کراچی پریس کلب کے باہر مسلم کمرشل بینک (ایم سی بی) سے نکالے گئے ملازمین کے احتجاجی کیمپ کا بھی دورہ کیا اور انہیں تسلی دی اور یقین دلایا کہ ایم کیوایم کے نمائندے ان کے جائز مطالبات کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

## حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے میرپورخاص میں اپنے فنڈز سے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا
## ایم کیوایم بلاکسی تفریق رنگ ونسل عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔
## شعبہ خواتین کے جنرل ورکراجلاس میں شہداء کے اہل خانہ اور مستحق خواتین میں سلائی مشینیں تقسیم کی گئیں۔

کراچی۔۔ 17مارچ2010

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے تحت گزشتہ روز کئی ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح ہوئے جبکہ ایک پریس کانفرنس کے علاوہ خواتین کا جنرل ورکراجلاس اور امدادی پروگرام منعقد کئے گئے جس میں ایم کیوایم کے ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، میرپورخاص کے ذمہ داران وکارکنان، اندرون سندھ کمیٹی کے ذمہ داران اور حق پرست عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تفصیلات کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست ارکان قومی اسمبلی فوزیہ اعجاز، ناہید شاہد علی اور حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی نے میرپورخاص میں پیر گوٹھ نزیر لغاری گدی، پیر گوٹھ نول خان مہاجر اور یونٹ 5/B (نواب کالونی) میں الیکٹرک سٹی کے منصوبے کا افتتاح کیا اس کے علاوہ پیر ترک علی مری میں CC روڈ کا، پیر گوٹھ حسن خان میں واٹر ٹینک کا اور پیر گوٹھ جاہت خان میں تالاب کا افتتاح بھی کیا گیا اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان رشید بھیا ہیر سوہو، ذونل انچارج وارا کین ذونل

کمیٹی کے علاوہ کثیر تعداد میں حق پرست عوام موجود تھے۔اس موقع پر ارکان صوبائی وقومی اسمبلی نے پریس کانفرنس میں صحافیوں کو اپنی اپنی اسکیموں کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے کراچی کی حق پرست ارکان اسمبلی کے ترقیاتی فنڈز کو سندھ کے پسماندہ گاؤں گوٹھوں میں خرچ کر کے یہ ثابت کیا کہ ایم کیو ایم بلا کسی تفریق رنگ ونسل کے عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے جبکہ ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے جنرل ورکر اجلاس کے آخر میں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شہداء کے اہل خانہ اور مستحق خواتین میں سلائی مشینیں تقسیم کی گئیں۔

## عوام وکارکنان دادعلی کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں،الطاف حسین

کراچی۔۔17/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم پنجاب صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن صلاح الدین گلگتی کے والد دادعلی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے تمام حق پرست عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ دادعلی کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## کراچی میں کے ای ایس سی کی جانب سے 10 سے 12 گھنٹے بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیا جائے
## 70 فیصد ریونیو دینے والے شہر کے ساتھ امتیازی سلوک نہ برتا جائے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی:۔۔۔17/مارچ2010

متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی میں 10 گھنٹے بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ کراچی میں KESC نے پہلے ہی بجلی کے زائد بلوں کے ذریعے عوام کو مالی مشکلات میں مبتلا کیا ہوا ہے اس پر 10 سے 12 گھنٹوں کی طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ نے کراچی کے عوام کی زندگی مزید اجیرن بنادی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ اس لوڈشیڈنگ کے باعث کراچی میں کارخانے اور دیگر صنعتی ادارے زبوں حالی کا شکار ہیں جس سے بے روزگاری میں بھی اضافے کا خدشہ ہے۔انہوں نے کہا کہ گرمیوں کی آمد سے قبل ہی بغیر کسی جواز کے لوڈشیڈنگ شروع کردی گئی ہے جس کے باعث عوام ذہنی اذیت کا شکار ہیں ۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ اداروں کے مابین ادائیگی کی سزا کراچی کے معصوم شہریوں کو 10 سے 12 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کی صورت میں دی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ سے کراچی میں امن وامان کی صورتحال متاثر ہوسکتی ہے جس کو قابو کرنا حکومت کے بس کی بات نہیں ہوگی۔انہوں نے کہا کہ گیس انتظامیہ کی جانب سے گیس کی فراہمی میں کمی کے باعث کے ای ایس سی کی جانب سے لوڈشیڈنگ میں اضافہ کردیا گیا۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ کے ای ای ایس سی کو 225 MMCF گیس فراہم کی جائے۔انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے اور 70 فیصد ریونیو دینے والے شہر کراچی کے ساتھ امتیازی سلوک نہ برتا جائے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت اور وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں 10 سے 12 گھنٹے کی طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ ختم کرنے کیلئے فوری احکامات جاری کیے جائیں،اداروں کے درمیان درمیان معاملات کو جلد از جلد طے کرایا جائے، KESC کو پابند کیا جائے کہ وہ لوڈشیڈنگ میں کمی کریں اور کراچی کے عوام کو بجلی کے زائد بلوں سے نجات دلائی جائے۔

## اے پی ایم ایس او کے تحت ایم کیو ایم کے 26 ویں یوم تاسیس کے موقع پر پوسٹر اور مجلّہ نقیب کا اجراء

کراچی:۔۔۔۔17 مارچ،2010ء

ایم کیو ایم کے 26 ویں یومِ تاسیس کے موقع پر اے پی ایم ایس او کی جانب سے مجلّہ نقیب اور پوسٹر کا اجراء رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیئر انیس احمد قائمخانی واراکین رابطہ کمیٹی اور اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحید الزماں واراکینِ مرکزی کابینہ کے ذمہ داران کے ہمراہ خورشید میموریل ہال میں کیا گیا۔اس پوسٹر کا سلوگن ہے کہ ترے افکار کی عظمت بڑھتی جائے گی جس کا مرکزی خیال دنیا بھر میں ایم کیو ایم کے پیغام کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور کارکردگی اس امر کی واضح دلیل ہے کہ پیغامِ حق پرستی پوری آب وتاب کے ساتھ جہل وظلمت کا خاتمہ کرکے دم لے گا۔تمام کارکنان وذمہ داران مجلّہ نقیب خورشید بیگم میموریل ہال میں اے پی ایم ایس او کے مرکزی آفس سے حاصل کرسکتے ہیں۔

## رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف کی والدہ جمیلہ بیگم اور کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکنان عامر علی ویاسر علی کے والد لیاقت علی اور لاڑکانہ زون یونٹ نوڈیرو کارکن ملازم حسین سومرو کے چھوٹے بھائی اعظم حسین سومرو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔17،مارچ2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے سیکٹر ڈی جے سائنس سیکٹر ای کے یونٹ کمیٹی ممبر محمد دانش سلیم کی والدہ محترمہ سلمیٰ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔اپنے تعزیتی بیان میں مرکزی کابینہ نے کہا ہے کہ مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆